تنقید و تبصرہ

رسالہ اصول فقہ (عربی) مصنفہ حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب شہید رحمۃ اللہ علیہ۔ صفحات ۱۸۔ کتابی سائز کاغذ، طباعت اعلیٰ خط جلی۔ قیمت صرف دو آنے۔ ناشر:۔ دائرۃ المعارف ۵۳۔ حرنگ روڈ۔ لاہور

مولانا شہید مرحوم و مغفور کا اصول فقہ کا یہ مختصر لیکن جامع متن مجتہدانہ شان کا ہے۔ اور ہمارے نزدیک عربی مدارس میں پڑھائے جانے والے سب متون سے بہتر ہے۔ اسی وجہ سے جماعت اہل حدیث کے مدارس کے ثانوی درجہ میں داخل نصاب ہے۔

یہ رسالہ غالباً سب سے پہلے مطبع مجتبائی مرحوم میں تشریحی حواشی کے ساتھ جلی خط میں شائع ہوا تھا۔ جو آجکل نایاب ہے پچھلے دنوں اس کی نقل مجتبائی کے جانشین مطبع علیمی لاہور نے طبع کی ہے مگر طباعت خراب ہے۔

"دائرۃ المعارف" لاہور نے جلی خط سے صرف متن طبع کر کے ایک علمی خدمت سرانجام دی ہے اور مزید قابل تحسین امر یہ ہے کہ قیمت بہت کم رکھی گئی ہے۔ یہ رسالہ علمی اور بہت مختصر ہے اس لئے اگر اس کے ساتھ تدریسی تشریحی نوٹ ہو جاتے تو اس کی افادیت بڑھ جاتی۔ علاوہ ازیں طباعت کی غلطیاں بھی رہ گئی ہیں۔ جن میں بعض فاش اغلاط مجتبائی کے مطبوعہ نسخے میں ہیں جس سے اس میں بھی آگئی ہیں۔ رسالہ کے داخل درس ہونے کی وجہ سے طلباء کرام کی سہولت کے لئے مناسب یہ ہے کہ اہم اغلاط کی یہاں تصحیح کر دی جائے۔

صفحہ	غلط	صحیح	صفحہ	غلط	صحیح
ص۴ س۲	یجب	یجث	ص۱۳ س۱۶	بیکون	بکون
ص۵ س۱۱	فی حقنا	لا فی حقنا	ص۱۴ س۱۱	القصر	التفطن
ص۱۲ س۷	فی نوعہ	بخصوصہا فی نوعہ	ص۱۵ س۲	نیقریہ	فیعتزیہ
" "	دونہا	دونہ	ص۱۵ س۱۲	التقلید	التقیید
ص۱۲ س۱	الشرعیۃ	من الاحکام الشرعیہ	ص۱۵ س۱۳	ایضا عزیمۃ	ایضا
ص۱۳ س۱۶	نیتکثر	فیتکثر	ص۱۵ س۱۵	دھو ملتہ مجزیہ	مسئلۃ التجزی

اس کے علاوہ ص۱۲ پر ایک سطر پوری چھوٹ گئی ہے۔ پہلی سطر کی پوری عبارت یوں ہونی چاہیئے۔ ثم اعتبرت